نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

گندم کی پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت امسال کاشتکاروں کو محکمہ زراعت کی منتخب تصدیق شدہ اقسام کا بیج و دیگر زرعی مداخل پر سبسڈی فراہم کی جائے گی۔ڈاکٹر اشتیاق حسن،ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) پنجاب

لاہور 03اکتوبر 2023:(   ) گندم کی بھرپور پیداوار حاصل کرنے کے لئے جدید زرعی ٹیکنالوجی کو اپنانا ناگزیر ہے۔پاکستان میں گندم میں خودکفالت ملکی فوڈ سیکیورٹی کی ضامن ہے۔گندم کی پیداواری میں اضافہ کے قومی پروگرام کے تحت امسال حکومت پنجاب کی طرف سے گندم کی پیداوار کو بڑھانے کے لیے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔اس پروگرام کے تحت اس سال گندم کے جدید معیاری بیج کے بیگ پر 1500 روپے سبسڈی دی جارہی ہے۔اس کے علاوہ پنجاب بھر میں گندم کے 10ہزار نمائشی پلاٹس لگائے جائیں گےاوراس پر زرعی مداخل کی فراہمی کے لئے 20 ہزار روپےفراہم کیے جائیں گے۔ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر اشتیاق حسن، ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) پنجاب نے تحصیل حضرو ضلع اٹک میں بطور مہمان خصوصی کاشتکاروں کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انھوں نے مزید کہا کہ کاشتکاروں کے مابین صحتمندانہ مسابقت کا جذبہ پیدا کرنے کیلئے گندم کی پیداوار کے مقابلوں کا انعقاد بھی کیا جارہا ہےاوراس میں کامیاب ہونے والے کاشتکاروں کے لیے انعامات کو بڑھا دیا گیا ہے۔صوبہ بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے کو 45 لاکھ کا ٹریکٹر، دوسری پوزیشن والے کو 35 لاکھ والا ٹریکٹر اور تیسری پوزیشن والے کو 25لاکھ والا ٹریکٹر انعام دیا جائے گا۔اسی طرح ضلعی سطح پر پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے کاشتکار کو 6لاکھ، دوسری پوزیشن حاصل کرنے والے کو 4لاکھ اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے کاشتکار کو 2لاکھ کے انعامات دیئے جائیں گے۔پوٹاش کھادوں پر اربوں روپے کی سبسڈی دی جارہی ہے۔ڈائریکٹر جنرل زراعت ڈاکٹر اشتیاق حسن کا کہنا تھا کہ اس وقت ملکی بڑھتی ہوئی آبادی کے لئے خوراک کا انتظام انتہائی اہم چیلنج ہے۔اس چیلنج سے نبردآزما ہونے کے لئے گندم کی بہتر پیداوار لازم وملزوم ہے۔ڈاکٹر اشتیاق حسن، ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) پنجاب نے بارانی علاقوں کے کاشتکاروں سے خطاب کے دوران کہا کہ کہ گندم کی کاشت کا وقت قریب آن پہنچا ہے اوراس حوالے سے کاشتکاروں کو اپنی تیاریاں مکمل کرنی چاہئیں۔محکمہ زراعت پنجاب کا (توسیع) عملہ کاشتکاروں کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔اس حوالے سے کاشتکاروں کو چاہیے کہ بارانی علاقوں میں گندم کی بہتر پیداوار کے لئے محکمہ زراعت پنجاب کی سفارش کردہ اقسام کا بیج استعمال کریں کیونکہ بہتر بیج ہی بہتر پیداوار کا ضامن ہے۔اس وقت گندم کی قیمت بھی کافی اچھی ہے جس سے کاشتکاروں کو اچھی آمدن حاصل ہو سکتی ہے۔ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر اشتیاق حسن کا مزید کہنا تھا کہ اس موقع پر کاشتکاروں کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر اٹک راؤ عاطف رضا نے بطور مہمان اعزاز شرکت کرتے ہوئے کہا کہ گندم کی بھرپور پیداوار حاصل کرنے کے لئے کھادوں اور زرعی مداخل کی دستیابی اور معیار کو یقینی بنایا جارہا ہے۔کاشتکار زرعی ادویات اور کھادوں کا متوازن ومتناسب استعمال زمین کے تجزیہ کے بعد کریں۔انہوں نے مزید کہا کہ ماحولیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے پاکستان کو فوڈ سیکیورٹی کے خطرات لاحق ہیں۔سائنسی طریقوں پر عمل کرکے ہم اپنی فصلات سے بہتر پیداوار حاصل کر سکتے ہیں۔اس موقع پر ڈائریکٹر زراعت (توسیع) شاہد افتخار بخاری نے خطاب کرتے